# 11-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے واضح کیا کہ تلنگانہ میں گرین انرجی نظام کو مضبوط بنانا حکومت کا اہم مقصد ہے۔

۲۔ وزیر پونم پربھاکر نے واضح کیا کہ بی سی طبقات کو سماجی انصاف فراہم کرنے کے لئے ذات پات کی مردم شماری ضروری ہے۔

۳۔ بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے 25 سالہ عوامی خدمت کی یاد میں ''سیوا سنکلپ ابھیان'' منعقد کیا جا رہا ہے۔

۴۔ علاقائی محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ریاست کے کئی اضلاع میں بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

Bhatti

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے قانون ساز کونسل میں ملازمین کی فلاح و بہبود سے متعلق اہم اعلان کیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملازمین یونینوں کے مسائل جلد حل کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین سے ایک روپیہ بھی لئے بغیر حکومت ان کو بیمہ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس کے ذریعہ ریاست بھر میں 12.91 لاکھ افراد اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ سرکاری ملازمین، پنشنرس، کنٹراکٹ، آؤٹ سورسنگ عملہ پر یہ اسکیم لاگو ہوگی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس کے علاوہ ملازمین کے ہیلتھ کارڈ کے انتظام کیلئے ایک خصوصی ٹرسٹ قائم کیا گیا ہے۔ اس میں ملازمین یونین کے قائدین کو ٹرسٹی کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ ہیلتھ کارڈ کا عمل اس وقت تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

PTC - HYD

Jobs – Duddilla

ریاست میں ایک لاکھ نئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے ان کی حکومت نے نئی جی سی سی پالیسی متعارف کرائی ہے۔ ریاستی وزیر ڈی سری دھر بابو نے یہ بات اسمبلی کے سوال و جواب کے دوران ارکان کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں 70 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے ڈیٹا سنٹر قائم کیا گیا ہے جس کے نتیجہ میں 7 ہزار افراد کو براہِ راست اور 10 ہزار افراد کو بالواسطہ روزگار کے مواقع حاصل ہوں گے۔ وزیر نے کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران آسان کاروباری پالیسیوں، ڈیجیٹل تکنالوجی اور آئی ٹی انفراسٹرکچر کو ترجیح دیتے ہوئے ان کی حکومت 75 فیصد گلوبل **کیپبیلٹی** سینٹرس ریاست میں لائی ہے۔

MNM

IT Towers – Duddilla

وزیر آئی ٹی وصنعتوں ڈی سری دھر بابو نے اسمبلی کو بتایا کہ گزشتہ حکومت کے دور میں ریاست بھر میں تعمیر کئے گئے آئی ٹی ہب اور ٹاورس کا حکام کے ذریعہ زمینی سطح پر معائنہ کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی شراکت داری کے بغیر تعمیر کئے جانے کی وجہ سے کئی مقامات پر یہ عمارتیں غیر مستعمل ہیں۔ حکومت انہیں دوبارہ کارآمد بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔

PN

Ponguleti

وزیر ہاؤسنگ پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ مستحق غریب افراد کا شفاف طریقہ سے انتخاب کرتے ہوئے انہیں اندراماں مکانات منظور کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کانگریس حکومت کے پہلے سال 4.5 لاکھ اور دوسرے سال 2.5 لاکھ مکانات منظور کئے گئے۔ حیدرآباد کے تمام اسمبلی حلقوں میں ایک لاکھ مکانات فراہم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قرعہ اندازی کے ذریعہ مکمل شفافیت کے ساتھ مکانات کی تقسیم کی جا رہی ہے۔

PTC - HYD

NHRC

بی آر ایس کی خواتین ارکانِ اسمبلی نے دہلی میں قومی انسانی حقوق کمیشن سے شکایت کی ہے کہ ریاستی اسمبلی کے احاطہ میں ریاستی حکومت اور پولیس نے ارکانِ اسمبلی کے بنیادی حقوق کو پامال کیا ہے۔ ارکانِ اسمبلی سبیتا اندرا ریڈی اور سنیتا لکشما ریڈی نے کمیشن سے مطالبہ کیا کہ خواتین عوامی نمائندوں پر کئے گئے حملہ کی فوری تحقیقات کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

PTC - HYD

Forest Martyrs' Day

آج ریاست بھر میں قومی یومِ جنگلات شہداء منایا جارہا ہے۔ جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے اہلکاروں کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھی جنگلات کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لئے جنگلات کے شہداء کی خدمات اور قربانیوں کو ناقابل فراموش قرار دیا۔ ہر سال 11 ستمبر کو یومِ جنگلات شہداء منایا جاتا ہے۔ تلنگانہ میں 1984 سے اب تک مختلف کیڈرس سے تعلق رکھنے والے 23 جنگلاتی افسران اور ملازمین فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔ جنگلات اور جنگلی حیات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ جنگلاتی جرائم کی روک تھام میں بہترین خدمات انجام دینے والے اہلکاروں کو تلنگانہ اسٹیٹ فاریسٹ کنزرویشن میریٹوریس سروس میڈل سے نوازا جاتا ہے۔

PN

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آج سے آئندہ تین دنوں تک ریاست کے بعض مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ کئی اضلاع میں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ گرج چمک اور ہلکی سے متوسط بارش ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

PN

MLC Mahesh Kumar Goud

ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے قانون ساز کونسل میں کہا کہ ملک کی تاریخ میں پہلی بار ریاست میں اندراماں مکانات اسکیم کے ذریعہ کانگریس غریبوں کے اپنے گھر کے خواب کو پورا کر رہی ہے۔انہوں نے ریاست میں دو لاکھ سے زائد مکانات کی تعمیر شروع کیے جانے کو خوش آئند قرار دیا۔انہوں نے بتایا کہ نظام آباد کو پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر منتخب کرتے ہوئے اندراماں ٹاورس تعمیر کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے مرکز سے ریاست کو ملنے والے 720 کروڑ روپے کے بقایاجات فوری طور پر جاری کرنے کی اپیل کی۔

PTC - HYD

Tour

ریاستی حکومت 40 اساتذہ اور تلنگانہ محکمہ اسکولی تعلیم کے تعلیمی افسران پر مشتمل ایک ٹیم کو 12 سے 19 ستمبر تک بین الاقوامی ایکسپوژر ٹور کے لئے سنگاپور بھیج رہی ہے۔ یہ پروگرام نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن، سنگاپور کے تعاون سے منعقد کیا جا رہا ہے۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جانب سے 2025 کے یومِ اساتذہ کے موقع پر کیے گئے وعدے کے مطابق اس سے قبل اپریل میں ٹیمیں فن لینڈ اور حال ہی میں جاپان بھیجی گئی تھیں۔سنگاپور جانے والی ٹیم تیسری ٹیم ہے۔ضلعی کلکٹروں کی سربراہی میں قائم کمیٹیوں کے ذریعہ منتخب کیے گئے اساتذہ طلبہ پر مرکوز تدریس، نصاب، تشخیصی طریقہ کار اور تکنالوجی کے انضمام سے متعلق معلومات اور عملی تجربہ حاصل کریں گے۔

Desk

Transgender Individuals

ریاستی وزیر سری دھر بابو نے اسمبلی میں بتایا کہ ریاست میں کیور کے دائرہ کار سے باہر آنے والی 9 میونسپل کارپوریشنوں میں ٹرانس جینڈر افراد کو کوآپشن ممبر مقرر کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہر کارپوریشن میں ایک ٹرانس جینڈر فرد کا انتخاب کیا جائے گا۔اس سلسلہ میں انہوں نے تلنگانہ میونسپل ایکٹ 2019 میں ترمیم کیلئے اسمبلی میں بل پیش کیا۔ وزیر نے کہا کہ سماجی سطح پر امتیازی سلوک کا سامنا کرنے والے ٹرانس جینڈر افراد کو سماج کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے متعدد اقدامات کیے ہیں۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے الزام عائد کیا کہ ملک کی تاریخ کی سب سے بڑی اراضی لوٹ تلنگانہ میں ہو رہی ہے۔ تلنگانہ بھون میں بی آر ایس قائدین نے سیکشن 22 اے کے تحت ممنوعہ اراضی سے متاثرہ افراد کے ساتھ اجلاس کیا۔ اس موقع پر کے ٹی آر نے کہا کہ ان کی حکومت کے دور میں ممنوعہ اراضی کی فہرست میں 16 لاکھ ایکڑ اراضی تھی، جو اب بڑھ کر ایک کروڑ 16 لاکھ ایکڑ تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حال ہی میں حکومت کے ایک وزیر کو برطرف کئے جانے کے پیچھے اصل وجہ یہ تھی کہ وزیر کی بیٹی نے مانچی ریولا میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے بھائیوں کی جانب سے کئے جانے والے مبینہ اراضی اسکینڈل کو بے نقاب کیا تھا۔

Desk

Seva Sankalp Abhiyan

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے 25 سالہ عوامی خدمت کے سفر کی یاد میں اس ماہ کی 17 تاریخ سے 17 اکتوبر تک ملک بھر میں ''سیوا سنکلپ ابھیان'' منعقد کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں پارٹی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے 7 اکتوبر 2001 کو گجرات کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالی تھی اور 7 اکتوبر 2026 تک عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ مودی کی سالگرہ 17 ستمبر کے موقع پر تلنگانہ یومِ آزادی کے ساتھ ''آشیرواد کا دیا'' پروگرام بھی منعقد کیا جائے گا۔ ایک ماہ تک خون عطیہ کیمپ، سوچھ بھارت پروگرام اور مختلف فلاحی اسکیموں سے استفادہ کرنے والوں کی کامیابی کی کہانیاں عوام تک پہنچائی جائیں گی۔

Desk

BJP

بی جے پی تلنگانہ کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ جب تعلیم یافتہ نوجوان سیاست میں آئیں گے تو ملک کا مستقبل مزید روشن ہوگا۔انہوں نے آج ناچارم کے ڈی پی ایس میں منعقدہ یوتھ پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ تلنگانہ اسمبلی میں جاری ہنگامہ آرائی اور بے بنیاد الزامات پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایوان کی کارروائی دیکھ کر بچے خراب زبان سیکھ لیں گے،اس خوف سے والدین کو ٹی وی بند کرنے کی نوبت آگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان 7.8 فیصد شرحِ نمو کے ساتھ دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معیشت بننے کی جانب بڑھ رہا ہے۔انہوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ ذمہ دار اور محبّ وطن شہری بن کر ابھریں۔

Desk

Overseas Scholarship

ریاستی حکومت نے بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے تلنگانہ کے طلبہ کے لئے آج 179.90 کروڑ روپے کے اوورسس اسکالرشپ فنڈس جاری کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔محکمہ خزانہ کے پرنسپل سکریٹری سندیپ کمار سلطانیہ نے بتایا کہ ان فنڈس کے اجرا سے ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے مجموعی طور پر 3,008 طلبہ کو فائدہ پہنچے گا۔امبیڈکر اوورسس ودیا ندھی کے تحت ایس سی طبقہ کے 1,193 طلبہ کیلئے 48.42 کروڑ روپے اور ایس ٹی طبقہ کے 573 طلبہ کے لئے 36.95 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں۔مہاتما جیوتی با پھولے اوورسس ودیا ندھی کے تحت بی سی طبقہ کے 179 طلبہ کے لئے 18.41 کروڑ روپے، جبکہ چیف منسٹر اوورسیز ودیا ندھی کے تحت اقلیتی طبقے کے 1,063 طلبہ کے لئے 76.13 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔

Desk

Ponnam

وزیر پونم پربھاکر نے واضح کیا کہ بی سی طبقات کو سماجی انصاف فراہم کرنے کے لئے ذات پات کی مردم شماری ناگزیر ہے۔اسمبلی میں بی سی ذاتوں کی مردم شماری پر ہونے والی بحث کے دوران وزیر نے کہا کہ جب تک بی سی طبقات کی آبادی کا درست اندازہ نہیں ہوگا، اس وقت تک ان کے لئے درکار فنڈس اور فلاحی اسکیموں کا تعین ممکن نہیں ہوگا۔انہوں نے سوال کیا کہ خود کو بی سی کا وزیراعظم قرار دینے والی مرکزی حکومت بی سی طبقات کی آبادی کی گنتی کرانے سے کیوں گریز کر رہی ہے۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ بی سی طبقات کے مفادات کے تحفظ کے لئے ضرورت پڑنے پر کل جماعتی وفد کے ساتھ وزیراعظم سے ملاقات کرنے کے لئے بھی حکومت تیار ہے۔

Sound Byte - Ponnam

Desk

Green Energy - Bhatti

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے واضح کیا کہ تلنگانہ میں گرین انرجی نظام کو مضبوط بنانا حکومت کا مقصد ہے۔قانون ساز کونسل میں ارکان کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کلین اینڈ گرین انرجی پالیسی 2025 کی تفصیلات پیش کیں۔انہوں نے بتایا کہ ریاست میں برقی کی طلب 19,543 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ پی ایم۔کُسم اسکیم کے تحت کسانوں کو 2 ہزار میگاواٹ شمسی توانائی فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔انہوں نے کہا کہ زرعی پمپ سیٹس اور گھریلو صارفین کو سبسیڈی کے تحت حکومت ہر سال 19 ہزار کروڑ روپے خرچ کر رہی ہے۔ اگر ان فنڈس کو سولرائزیشن کی طرف منتقل کیا جائے تو کسان توانائی کے معاملہ میں خود کفیل ہو سکتے ہیں۔بھٹی وکرمارکا نے بتایا کہ منتخب دیہات میں بیٹری اسٹوریج کی سہولت کے ساتھ مائیکرو گرڈس تعمیر کئے جا رہے ہیں۔

Desk

Meters

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے واضح کیا کہ زرعی موٹروں اور پمپ سیٹس پر کسی بھی صورت میں اسمارٹ میٹرز لگانے کا سوال ہی پیدانہیں ہوتا۔انہوں نے ریاست کے کسانوں اوران کے خاندانوں کوحکومت کی جانب سے 100 فیصد یقین دہانی کرائی۔انہوں نے اپیل کی کہ زرعی موٹروں پر میٹر لگانے کی افواہوں کے ذریعہ کسانوں میں غیرضروری خوف اورغلط فہمیاں پیدانہ کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ زرعی پمپ سیٹس کے معاملہ میں حکومت پہلے ہی اپنا موقف واضح کرچکی ہےاوراس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

Desk